Paper Code: ①

# ESKPXII-XXVI (I)

کُل وقت 3 گھنٹے — اُردو لازمی (بارہویں) — کُل نمبرات:100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں (الف، ب، ج)۔ سیکشن الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے دیے گئے جوابی ببلز شیٹ پر دُرست جواب والا دائرہ پُر کریں MCQs کا جوابی پرچہ مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔ دو بارہ لکھنے، مٹانے اور کاٹنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا ممنوع ہے۔

## وقت 20 منٹ — سیکشن (الف) — نمبرات:20

سوال 1۔ درجہ ذیل سوالات کیلئے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر C, B, A اور D کی صورت میں دیئے گئے ببل آنسر شیٹ پر رنگ بھریں۔

i. "تمھیں اپنی صحت پر دھیان دینا چاہیے"۔ میں معاون فعل ہے۔
Ⓐ چاہنا Ⓑ دینا Ⓒ دھیان Ⓓ اپنی

ii. "اندھا اچانک گڑھے میں گر پڑا"۔ میں متعلق فعل ہے۔
Ⓐ اندھا Ⓑ گرنا Ⓒ پڑا Ⓓ اچانک

iii. "سارا کی آواز کوئل کی طرح سریلی ہے"۔ مثال ہے۔
Ⓐ تشبیہ Ⓑ استعارہ Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ کنایہ

iv. "میں سعودی عرب جا رہا ہوں"۔ مثال ہے۔
Ⓐ تشبیہ Ⓑ استعارہ Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ کنایہ

v. صاف آئینہ سا رخسار ہے اس دل برکا — یہ خدا کا ہے بنایا تو وہ سکندر کا — شعر مثال ہے۔
Ⓐ تفریق Ⓑ تضاد Ⓒ تضمین Ⓓ تلمیع

vi. برگ کہیں، شجر کہیں، شاخ کہیں، ثمر کہیں — آج ورق ورق ملی، عہد بہار کی کتاب — شعر مثال ہے۔
Ⓐ حسن تعلیل Ⓑ تضاد Ⓒ تجنیس تام Ⓓ مراعات النظیر

vii. "جنگ ختم ہو گئی مگر امن نہ آیا"۔ مرکب جملے کی مثال ہے۔
Ⓐ استدراکی Ⓑ سببی Ⓒ اسمی Ⓓ وصفی

viii. "میں نے دعا کی اس واسطے اللہ نے مجھے کامیابی دی"۔ مرکب جملے کی مثال ہے۔
Ⓐ استدراکی Ⓑ سببی Ⓒ اسمی Ⓓ وصفی

ix. جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں — اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے — شعر مثال ہے۔
Ⓐ تشبیہ Ⓑ استعارہ Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ کنایہ

x. فلک یہ تو ہی بتا دے کہ حسن و خوبی میں — زیادہ تر ہے تیرا چاند یا ہمارا چاند — شعر مثال ہے۔
Ⓐ تشبیہ Ⓑ استعارہ Ⓒ مجاز مرسل Ⓓ کنایہ

xi. مرثیہ کا لغوی معنیٰ ہے۔
Ⓐ میت کی اوصاف کا بیان Ⓑ میت کی وصیت کا بیان Ⓒ میت کی جنازے کا بیان Ⓓ میت کی وراثت کا بیان

xii. مقالہ کا اصطلاحی معنیٰ ہے۔
Ⓐ علمی و تحقیقی انداز تحریر Ⓑ حادثات اور واقعات کی انداز تحریر Ⓒ کسی شخصیت کی تاثر کی انداز تحریر Ⓓ احوال اور واقعات کی انداز تحریر

xiii. "سین" الفاظ کی قسم ہے۔
Ⓐ سلینگ Ⓑ روزمرہ Ⓒ محاورہ Ⓓ مہمل

xiv. جس نظم کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں، پہلے بند کے علاوہ باقی تمام بند کے دو مصرعے ہم قافیہ ہوں جب کہ تیسرے مصرع کا قافیہ پہلے بند جیسا ہو، کہلاتا ہے۔
Ⓐ ترکیب بند Ⓑ ترجیع بند Ⓒ مثلث Ⓓ سانیٹ

xv. درج ذیل میں درست روزمرہ ہے۔
Ⓐ میں اور اسلم واپس چل آئے۔ Ⓑ میں اور اسلم واپس چلے آیا۔ Ⓒ میں اور اسلم واپس چلے آئے۔ Ⓓ میں اور اسلم واپس چلا آیا۔

xvi. درج ذیل میں درست محاورہ ہے۔
Ⓐ کوزے میں دریا بند کرنا Ⓑ لوٹے میں دریا بند کرنا Ⓒ مٹکے میں دریا بند کرنا Ⓓ بالٹی میں دریا بند کرنا

xvii. چار مصرعوں پر مشتمل نظم جس کا مخصوص وزن ہوتا ہے، کہلاتی ہے۔
Ⓐ ہجو Ⓑ رباعی Ⓒ قصیدہ Ⓓ مرثیہ

xviii. وہ مختصر فکری کہانی جس میں کسی ایک واقعہ اور کسی ایک کردار پر روشنی ڈالی گئی ہو، کہلاتی ہے۔
Ⓐ ناول Ⓑ ڈرامہ Ⓒ افسانہ Ⓓ داستان

xix. کسی غزل کے ایسے شعر جو نہ مطلع ہوں نہ مقطع، کہلاتا ہے۔
Ⓐ حسن مطلع Ⓑ فرد Ⓒ بیت Ⓓ بیت الغزل

xx. ایسی نظم جس کے ہر بند میں دس مصرعے ہوں، کہلاتی ہے۔
Ⓐ مسبع Ⓑ مثمن Ⓒ معشر Ⓓ مسدس